سوال

اذکار

جواب

فرض نماز کے بعد ذکر واذکار کرنا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!فرض نمازوں کے بعد مسنون اذکار ودعائیں پڑھ کر اٹھنا افضل ہے۔ صحیح بخاری میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''نماز سے فارغ ہو کر باوضوء کسی کو اذیت دیئے بغیر جتنی دیر اس جگہ پر بیٹھا رہے جس جگہ اس نے نماز پڑھی فرشتے اس کے لیے دعا کرتے رہتے ہیں ''اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَہٗ وَارْحَمْہُ(بخاری کتاب الصلاۃ باب الحدث فی المسجد) اب اگر اس کیفیت میں زیادہ دیر نماز کی جگہ بیٹھا رہے گا تو فرشتے مذکور بالا دعا اس کے لیے زیادہ دیر کریں گے اور اگر کم تو کم ''فَمَنْ شَائَ فَلْیَسْتَکْثِرْ وَمَنْ شَائَ فَلْیَسْتَقْلِلْ'' وفقنا اللہ تبارک وتعالی لما یحبہ ویرضاہ آمین یارب العالمین وباللہ التوفیق احکام ومسائل نماز کا بیان ج1ص200 محدث فتویٰ